بسم اللہ الرحمن الرحیم

**Au nom d'Allah le Gracieux, Le Miséricordieux**

# Programme Annuel d'éducation religieuse

## Lajna Imaillah de France

## 2024 & 2025

فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ۙ﴿۶﴾

اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ؕ﴿۷﴾

Assurément, il y a le soulagement à côté des difficultés.
Oui, sûrement il y a le soulagement à côté des difficultés.

پس یقیناً تنگی کے ساتھ آسائش ہے۔

یقیناً تنگی کے ساتھ آسائش ہے۔

*Al-Inshirah 94 : 6-7*

# Serment d’Allégeance

Lajna Ima’illah

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتی ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنے مذہب اور قوم کی خاطر اپنی جان ومال، وقت اور اولاد کو قربان کرنے کے لیے تیار رہوں گی نیز سچائی پر ہمیشہ قائم رہوں گی اور خلافتِ احمدیہ کے قائم رکھنے کے لیے ہر قربانی کے لیے تیار رہوں گی۔

**Je témoigne qu’il n’y a d’autre Dieu excepté Allah. Il est Unique et sans partenaire. Et je témoigne que Muhammad (saw) est Son Serviteur et Son Messager.**

**J’affirme que je serai toujours prête à sacrifier ma vie, mes biens, mon temps et mes enfants pour la cause de la foi et de la nation. J’adhèrerai à la vérité et je serai toujours prête à faire tout sacrifice pour la perpétuité du Khilafat e Ahmadiyya. Insh’Allah**

# Sommaire

## Programme éducation religieuse 2024-2025


**Partie 1**

Partie Saint Coran........................................................................................ Page 2

Traduction du Saint Coran (grp 1 et 2)............................................................ Page 3

Les mots outils (grp 1 et 2)........................................................................ Page 5

Partie Hadith............................................................................................ Page 6

Partie Prière (Dua)..................................................................................... Page 8

Partie Malfoozat......................................................................................... Page 9

Partie Questions /Réponses.......................................................................... Page 10

**Partie 2**

Partie Saint Coran........................................................................................ Page 14

Leçon de base sur la grammaire arabe (grp 1 et 2)........................................... Page 17

Partie Hadith............................................................................................ Page 21

Partie Prière (Dua)..................................................................................... Page 24

Partie Malfoozat......................................................................................... Page 25

Partie Questions /Réponses.......................................................................... Page 26

Connaissances religieuses générales............................................................... Page 30

PARTIE 1 پہلی سہ ماہی

**Partie Saint Coran :**

Pour la mémorisation du Saint Coran, les sourates (30ème partie)suivantes sont à apprendre et à réviser pendant 6 mois : Al Fajr, Al Balad, As Shams, Al Layl, Ad Duha, Al Inshirah , At Tin, Al Alaq, Al Qadr, Al Bayyinah.(Pour les groupes 1 et 2)
Pour les sœurs du groupe 1(niveau avancé), la sourate pour la traduction mot à mot est la Sourate Al Anfal ( partie 9 chapitre 8) - les 38 premiers versets.

## حصّہ قرآن پاک

- حفظ قرآن کے لئے اس سال پارہ نمبر 30 کا نصفِ آخر منتخب کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے پہلے حصے میں حفظ کے لئے متعین کردہ سورتوں کے نام درج ذیل ہیں۔

سورۃ الفجر، سورۃ البلد، سورۃ الشمس، سورۃ الیل، سورۃ الضحی، سورۃ الم نشرح، سورۃ التین، سورۃ العلق، سورۃ القدر، سورۃ البینہ۔ (گروپ اوّل اور دوم کیلئے)

- اس سال گروپ اوّل کے ترجمۃ القرآن کے لئے سورۃ الانفال منتخب کی گئی ہے۔ پارہ نمبر ۹ سورۃ الانفال کی پہلی ۳۸ آیات

# اَحْكَامُ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ

## Ahkamul Qur'an (Les commandements dans le Saint Coran)

**(Pour groupe 1 et 2)** گروپ اوّل اور دوم

| Ref.<br>ریفرنس | Traduction Française | اردو ترجمہ | حکم القرآن | No |
|---|---|---|---|---|
| البقرہ<br>2 :22 | Adorez votre Seigneur | اپنے رب کی عبادت کرو۔ | اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ | 1 |
| البقرہ<br>2 :44 | Observez la prière | نماز قائم کرو۔ | اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ | 2 |
| البقرہ<br>2 :44 | Et payez la Zakaat | اور زکوۃ ادا کرو۔ | وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ | 3 |
| البقرہ<br>2 :44 | Et inclinez-vous avec ceux qui s'inclinent | اور جھکنے والوں کے ساتھ جھک جاؤ۔ | وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ | 4 |
| البقرہ<br>2 :46 | Et cherchez l'aide avec patience et dans la Prière | اور صبر اور نماز کے ساتھ مدد مانگو۔ | وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ | 5 |
| البقرہ<br>2 :153 | Donc souvenez-vous de Moi et Je Me souviendrai de vous | پس میرا ذکر کیا کرو میں بھی تمہیں یاد رکھوں گا۔ | فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ | 6 |
| البقرہ<br>2 :153 | Et témoignez-Moi de la reconnaissance et ne soyez pas ingrats envers Moi | اور میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔ | وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ | 7 |
| البقرہ<br>2 :209 | Entrez tous entièrement dans le cercle de l'obéissance | تم سب کے سب اطاعت کے (دائرہ) میں داخل ہو جاؤ۔ | اُدْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً | 8 |
| البقرہ<br>2:209 | Et ne suivez pas les *pas* de Satan | اور شیطان کے قدموں کے پیچھے نہ چلو۔ | وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ | 9 |
| البقرہ<br>2:239 | Observez rigoureusement les Prières et en particulier la Prière du milieu | (اپنی) نمازوں کی حفاظت کرو بالخصوص مرکزی نماز کی۔ | حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى | 10 |
| البقرہ<br>2:239 | Et mettez-vous debout devant Allah avec soumission | اور اللہ کے حضور فرمانبرداری کرتے ہوئے کھڑے ہو جاؤ۔ | وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ | 11 |
| البقرہ<br>2:240 | Souvenez-vous d'Allah de façon qu'Il vous a enseigné | پھر (اسی طریق پر) اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمھیں سکھایا ہے۔ | فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ | 12 |
| البقرہ<br>2:255 | Dépensez de ce dont Nous vous avons pourvu | خرچ کرو اس میں سے جو ہم نے تمھیں عطا کیا ہے۔ | اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ | 13 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| النساء<br>4:72 | Prenez vos précautions | اپنے بچاؤ کا سامان رکھا کرو۔ | خُذُوْا حِذْرَكُمْ | 14 |
| آل عمران<br>3:33 | Obéissez  Allah et au Messager | اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی۔ | أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُوْلَ | 15 |
| آل عمران<br>3:104 | Et cramponnez-vous ensemble à la corde d'Allah | اللہ کی رسی کو سب کے سب مضبوطی سے پکڑلو۔ | وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا | 16 |
| آل عمران<br>3:104 | Et souvenez-vous de la Grâce d'Allah | اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو۔ | وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ | 17 |
| آل عمران<br>3:106 | Et ne soyez pas comme ceux qui se sont divisés | اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے تفرقہ کیا۔ | وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا | 18 |
| النساء<br>4:33 | Et demandez à Allah de Sa Munificence | اور اللہ سے اس کا فضل مانگو۔ | وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ | 19 |
| النساء<br>4:59 | Et juger avec justice | انصاف کے ساتھ حکومت کرو۔ | تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ | 20 |
| آل عمران<br>3:160 | Et puis une fois que t'es décidé, alors mets ta confiance en Allah | پس جب تُو (کوئی) فیصلہ کرلے تو پھر اللہ ہی پر توکل کر۔ | فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ | 21 |
| آل عمران<br>3:201 | Soyez constants et efforcez-vous d'exceller en constance et soyez vigilants à la surveillance de vos frontières | صبر کرو اور صبر کی تلقین کرو اور سرحدوں کی حفاظت پر مستعد رہو۔ | اِصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا | 22 |
| النساء<br>4:136 | Soyez fermes dans l'application de la justice | انصاف کو مضبوطی سے قائم کرنے والے بن جاؤ۔ | كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ | 23 |
| المائدہ<br>5:2 | Remplissez vos promesses | (اپنے) عہدوں کو پورا کرو۔ | أَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ | 24 |
| المائدہ<br>5:3 | Et entraidez-vous dans la droiture et dans la piété | اور نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے سے تعاون کرو۔ | وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى | 25 |

## Les mots outils pour la traduction mot à mot لفظی ترجمہ کے لئے چند کار آمد الفاظ

| Traduction française | اردو ترجمہ | الفاظ/Mots |
|---|---|---|
| Que | محض، صرف، یقیناً | اِنَّمَا |
| Ou | یا۔ کیا | اَمْ |
| Entre | درمیان | بَیْنَ |
| Ceci *(utilisé pour masculin)* | وہ[مذکر] | ذٰلِکَ |
| Celle-la *(utilisé pour féminin)* | وہ[مؤنث] | تِلْکَ |
| Ceux-ci(pluriel) | یہ سب[جمع] | هٰٓؤُلَآءِ |
| à part, en dehors de | سِوا۔ چھوڑ کر | مِنْ دُوْنِ |
| Certainement | ضرور، عنقریب | سَوْفَ |
| Toi seul | تیری ہی۔ تجھ سے ہی | اِیَّاکَ |
| Moi seul | مجھ سے ہی۔ میری ہی | اِیَّایَ |
| Soit | ہو جا | کُنْ |
| Il était | وہ تھا | کَانَ |
| Ils étaient | وہ سب تھے | کَانُوْ |
| Soyez | ہو جاؤ | کُوْنُوْ |
| Le superlatif : Grand, le plus grand | بڑا۔ سب سے بڑا [اسم تفضیل] | کَبِیْرٌ اَکْبَرُ |
| Fort, le plus fort | سخت۔ سخت ترین | شَدِیْدٌ اَشَدُّ |
| Bien, le meilleur | اچھا۔ سب سے اچھا | حَسَنٌ اَحْسَنُ |

**Partie Hadith** **حصّہ احادیث:**

**حدیث نمبر 1:** یہ حدیث مبارکہ صحیح بخاری سے ماخوذ ہے۔اور خادم قوم کی بنیادی خوبی کے بارے میں ہے۔

سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ

**ترجمہ:** قوم کا سردار ان کا خادم ہوتا ہے۔

**تشریح:** اللہ تعالیٰ جب کسی شخص کو قوم کے خادم کے طور پر چنتا ہے تو اس پر یہ الٰہی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خود کو قوم کا مالک و مختار نہیں بلکہ انکا خادم سمجھ کے اپنی خدمات اور ذمہ داری سرانجام دے اور عاجزی اور خاکساری کی عادت اپنائے۔

**Hadith 1:** Ce hadith est tiré du recueil de hadiths authentiques de Sahih al-Bukhari. Elle concerne la qualité fondamentale du serviteur de la nation.

## Traduction :

Le dirigeant d'un peuple est en vérité leur servant. (Bukhari)

## Explication:

Lorsque Dieu Tout-Puissant choisit quelqu'un pour être le serviteur d'une nation, il lui incombe alors cette responsabilité divine de se considérer non pas comme le maître et le dirigeant de la nation, mais plutôt comme son serviteur, et d'accomplir ses services et responsabilités en conséquence. Il doit également adopter l'humilité et la modestie.

**حدیث نمبر 2:** یہ حدیث مبارکہ مومن کے وعدہ کی سچائی کے بارے میں ہے۔

عِدَةُ الْمُؤْمِنِ كَأَخْذِ الْكَفِّ

**ترجمہ:** مومن کا وعدہ ایسا ہوتا ہے جیسے کوئی چیز ہاتھ میں دے دی جائے۔

**تشریح:** مومن کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے یہ خوبی عطا ہوتی ہے کہ وہ وعدہ پورا کرتا ہے اور پوری سچائی کے ساتھ کرتا ہے۔جب وہ کوئی وعدہ کرتا ہے تو اسے پورا کرنا کیلئے ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔اس کے الفاظ بذات خود ایک ضمانت ہوتے ہیں۔لوگوں کو یہ اعتماد اور یقین ہوتا ہے کہ ہر حال میں وہ اپنے وعدے کی حفاظت کرے گا اور اس سے دھوکہ دہی کی امید بالکل نہیں کی جاسکتی۔

**Hadith 2:** Ce hadith concerne la véracité de la promesse du croyant.

**Traduction :** La promesse du croyant est comme une chose déjà tenue en main.

**Explication :** Le croyant reçoit de la part d'Allah cette qualité de tenir ses promesses avec une totale sincérité. Lorsqu'il fait une promesse, il s'efforce de la respecter par

tous les moyens possibles. Ses paroles sont en elles-mêmes une garantie. Les gens ont confiance en lui et sont convaincus qu'il honorera sa promesse en toutes circonstances, sans aucune possibilité de tromperie.

**حدیث نمبر3:** یہ حدیث مبارکہ صحیح مسلم سے ماخوذ ہے اور حیا کے بارے میں ہے۔

اَلْحَیَاءُ خَیْرٌ کُلُّہٗ

**ترجمہ:** حیا سراسر خیر و برکت ہے ۔

**تشریح:** اللہ تعالیٰ نے شرم و حیا کو مومن کی بہترین خوبی قرار دیا ہے اور اس خوبی کو بھلائی کا موجب بنایا۔ حیا کو اپنانے سے انسان اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجاتا ہے۔ حیا اور تقوی کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ یہ نہ صرف انسان کو ذاتی فائدہ دیتی ہے بلکہ معاشرے پر بھی نیک اثرات ڈالتی ہے۔

**Hadith 3:**Ce hadith est tiré du recueil de hadiths authentiques de Sahih Muslim et concerne la pudeur.

**Traduction :**La pudeur est entièrement du bien. (Muslim)

**Explication:**Le Dieu Tout-Puissant a désigné la pudeur comme l'une des meilleures qualités du croyant et l'a rendue source de bien. En adoptant la pudeur, une personne se place sous la protection de Dieu. Il existe un lien profond entre la pudeur et la piété. Cela apporte non seulement des bénéfices personnels, mais exerce également une influence positive sur la société.

**حدیث نمبر4:** یہ حدیث مبارکہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کے سلیقے کے بارے میں ہے۔

اِسْتَعِیْنُوْا عَلَی الْحَوَائِجِ بِالْکِتْمَانِ

**ترجمہ:** اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے چھپ کے اللہ سے مدد مانگو۔

**تشریح:** اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے بہت محبت فرماتا ہے اور چاہتا ہے کہ اسکا بندہ اپنی ہر ضرورت اس سے تنہائی میں چھپ کے رازداری سے مانگے۔ اور اللہ پاک ایسی دعا کو ضرور قبول فرماتا ہے۔

**Hadith 4:**Ce hadith concerne la manière appropriée de prier Dieu le Tout-Puissant.

**Traduction :**Demandez secrètement l'aide (d'Allah) pour les choses personnelles.

**Explication :**Dieu Tout-Puissant aime profondément Ses serviteurs et désire qu'ils Le demandent ce dont ils ont besoin en privé, en toute discrétion. Et Dieu exauce certainement de telles prières.

**حدیث نمبر 5:** یہ حدیث مبارکہ سنن ابن ماجہ سے ماخوذ ہے اور مشورہ لینے اور اسکے دینے والے کی ذمہ داری کے بارے میں ہے۔

## اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ

**ترجمہ:** جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے۔

**تشریح:** جب کسی سے مشورہ مانگا جائے تو اس پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مکمل سمجھ بوجھ کے ساتھ مخلص مشورہ دے۔ اور اس مشورہ سے متعلق تمام معلومات راز میں رکھے۔ اور اس وعدے کی امانت کی طرح حفاظت کرے۔

**Hadith 5:**Ce hadith est tiré du recueil de hadiths de Sunan Ibn Majah et concerne la consultation ainsi que la responsabilité de celui qui donne un conseil.

**Traduction :**Celui à qui on demande conseil est un confident .

**Explication :**Lorsqu'on demande un conseil à quelqu'un, il a la responsabilité de donner un avis sincère et éclairé. Il doit garder toutes les informations, relatives à ce conseil, confidentielles et les protéger comme un dépôt de confiance.

**Partie Prières :** | حصّہ دعائیں

**دعا نمبر 1:** فتنۂ دجال اور آزمائشوں سے بچنے کی دعا۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ۔

**ترجمہ:** اے اللہ میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ دجال (دشمن مسیح) کی بداعمالیوں کے خلاف۔ میں زندگی اور موت کی آزمائشوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں گناہوں اور قرض کے بوجھ سے۔

**Dua n°1 : Prière contre le fitna é Dajjal et les épreuves :**

O Allah, je cherche refuge en Toi contre le châtiment de la tombe. Je cherche refuge en Toi contre les méfaits du Dajjal (Anti-christ). Je cherche refuge en Toi contre les épreuves de la vie et de la mort. O Allah, je cherche refuge en Toi contre les péchés et le fardeau de la dette.

**دعا نمبر 2:** بخشش اور ہدایت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

ترجمہ :اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت سے رکھ اور مجھے رزق عطا کر۔

**Dua n°2 : Prière pour le pardon et être guidé :**

O Seigneur, pardonne-moi et aie pitié de moi, guide-moi et accorde-moi la sécurité, répare mes défauts, subviens à mes besoins(physiques et spirituelles).

## اقتباسات از ملفوظات، جلد اوّل

### گناہ اور توبہ کی حقیقت۔

گناہ کی یہ حقیقت نہیں ہے کہ اللہ گناہ کو پیدا کرے اور پھر ہزاروں برس کے بعد گناہ کی معافی سوجھے۔ جیسے مکھی کے دو پر ہیں۔ ایک میں شفا اور دوسرے میں زہر۔ اسی طرح انسان کے دو پر ہیں۔ ایک معاصی کا دوسرا خجالت توبہ، پریشانی کا۔ یہ ایک قاعدہ کی بات ہے جیسے ایک شخص جب غلام کو سخت مارتا ہے تو پھر اُس کے بعد پچھتاتا ہے۔ گویا کہ دونوں پر اکٹھے حرکت کرتے ہیں۔ زہر کے ساتھ تریاق ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ زہر کیوں بنایا گیا؟ تو جواب یہ ہے کہ اگر گناہ نہ ہوتا تو رعونت کا زہر انسان میں پڑ جاتا اور وہ ہلاک ہو جاتا۔ توبہ اس کی تلافی کرتی ہے۔ کبر اور نخوت کی آفت سے گناہ انسان کو بچائے رکھتا ہے۔ جب نبی معصوم ستر بار استغفار کرے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ گناہ سے توبہ وہی نہیں کرتا جو اس پر راضی ہو جاوے اور جو گناہ کو گناہ جانتا ہے وہ آخر اسے چھوڑے گا۔

(از ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد اوّل۔ صفحہ ۳)

**La réalité du péché et du repentir**

La réalité du péché n'est pas qu'Allah crée le péché et, après des milliers d'années, envisage de pardonner le péché. Tout comme la mouche a deux ailes, l'une contient la guérison et l'autre le poison, de la même manière l'homme a deux aspects : l'un est le péché, l'autre est la honte, le repentir et d'inquiétude. C'est une règle générale, tout comme une personne qui frappe violemment un esclave finit par regretter par la suite. Il semble que les deux aspects se fonctionnent ensemble. Avec le poison vient l'antidote. Maintenant, la question est de savoir pourquoi le poison a été créé. La réponse est que, sans le péché, le poison de l'arrogance se serait emparé de l'homme et l'aurait détruit. Le repentir compense cela. Le péché protège l'homme de la calamité de l'orgueil et de la vanité. Quand le prophète innocent demande pardon soixante-dix fois, que devrions-nous faire? Seul celui qui accepte le péché ne se repent pas et celui qui reconnaît le péché comme tel finira par l'abandonner.

(Extrait des Malfuzat de Messie Promis (as), volume 1, page 3.)

# سوالات از کتاب اسلامی اصول کی فلاسفی

سوال 1۔ موت کے بعد انسان کی کیا حالت ہوتی ہے ؟

جواب: موت کے بعد جو کچھ انسان کی حالت ہوتی ہے در حقیقت وہ کوئی نئی حالت نہیں ہوتی بلکہ وہی دنیا کی زندگی کی حالتیں زیادہ صفائی سے کھل جاتی ہیں۔

سوال 2۔ مخفی نعمتوں سے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا مراد ہے ؟

جواب: ہمارے سید و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بہشت اور اس کی نعمتیں وہ چیزیں ہیں جو نہ کبھی کسی آنکھ نے دیکھیں اور نہ کسی کان نے سنیں اور نہ دلوں میں کبھی گذریں حالانکہ ہم دنیا کی نعمتوں کو آنکھوں سے بھی دیکھتے ہیں اور کانوں سے بھی سنتے ہیں اور دل میں بھی وہ نعمتیں گزرتی ہیں،۔ پس جس نے بہشت کو دنیا کی چیزوں کا مجموعہ سمجھا۔ اس نے قرآن شریف کا ایک حرف بھی نہیں سمجھا۔

سوال 3۔ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا۔ اس قرآنی حوالے میں کن پھلوں کی مشابہت کا ذکر ہے ؟

جواب: اللہ جل شانہ اس آیت میں یہ فرماتا ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالحہ کئے انہوں نے اپنے ہاتھ سے ایک بہشت بنایا ہے جس کے درخت ایمان اور جس کی نہریں اعمال صالحہ ہیں۔ اسی بہشت کا وہ آئندہ بھی پھل کھائیں گے اور وہ پھل زیادہ نمایاں اور شیریں ہو گا اور چونکہ وہ روحانی طور پر اس پھل کو دنیا میں کھا چکے ہوں گے اس لئے دوسری دنیا میں اس پھل کو پہچان لیں گے اور کہیں گے کہ یہ تو وہی پھل معلوم ہوتے ہیں کہ جو پہلے ہمارے کھانے میں آچکے ہیں اور اس پھل کو اس پہلی خوراک سے مشابہ پائیں گے۔

سوال 4۔ با خدا انسان کے کیا معنی ہیں؟

جواب: با خدا آدمی دنیا میں سے نہیں ہوتا اس لئے تو دنیا اس سے بغض رکھتی ہے بلکہ وہ آسمان سے ہوتا ہے اس لئے آسمانی نعمت اس کو ملتی ہے۔ دنیا کا آدمی دنیا کی نعمتیں پاتا ہے اور با خدا انسان آسمانی نعمتیں حاصل کرتا ہے۔

سوال 5۔ اللہ تعالیٰ نے علم کی کتنی اور کون کون سی قسمیں بیان فرمائی ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے علم کو تین درجوں پر منقسم کیا ہے یعنی علم الیقین، عین الیقین، حق الیقین۔

سوال 6۔ عربی لغت میں برزخ میں کس چیز کو کہتے ہیں؟

جواب: برزخ اس چیز کو کہتے ہیں کہ جو دو چیزوں کے درمیان واقع ہو۔ برزخ کی حالت وہ حالت ہے کہ جب روح الگ اور جسم الگ ہو جاتا ہے۔

سوال7۔ قرآنی علم کی رو سے کتنے عالم ثابت ہوتے ہیں؟

جواب: قرآنی علم کی رو سے تین عالم ثابت ہوتے ہیں۔ ۱)عالم کسب ۲)عالم برزخ ۳)عالم بعث

سوال8۔ ستر گز کی زنجیر کا حوالہ اللہ تعالی نے کس بارے میں دیا ہے؟

جواب: ستر گز کی زنجیر میں اس کو داخل کرو۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ایک فاسق بسا اوقات ستر برس کی عمر پالیتا ہے لیکن وہ بدبخت اپنی عمدہ زندگی کے ستر برس دنیا کی گرفتاریوں اور بدیوں میں گزارتا ہے اور اس زنجیر سے آزاد ہونا نہیں چاہتا۔

سوال9۔ مغفرت کے اصل معنی کیا ہیں؟

جواب: مغفرت کے اصل معنے یہ ہیں ناملائم اور ناقص حالت کو نیچے دبانا اور ڈھانکنا۔ سو بہشتی اس بات کی خواہش کریں گے کہ ابدی کمال حاصل کریں اور سراسر نور میں غرق ہو جائیں۔

سوال10۔ اسلامی عقیدہ کے موافق بہشت اور دوزخ کیا ہیں؟

جواب: اسلامی عقیدہ کے موافق بہشت اور دوزخ انہی اعمال کا اظہار ہیں جو دنیا میں انسان کرتا ہے۔

**Questions /réponses du livre sur « La philosophie des enseignements de l'Islam »**

Q1) Quelle est la condition de l'homme après la mort ?
L'état de l'homme après la mort n'est pas quelque chose de nouveau ; tout simplement, la condition dans laquelle il se trouve ici-bas y sera rendue plus apparente.

Q2) Que signifie le Prophète Muhammad (que la paix et les bénédictions de Dieu soient sur lui) par les bénédictions cachées ?
Le Saint Prophète (pssl), a déclaré que le paradis et ses faveurs sont tels que nul œil ne les a perçus, nulle oreille n'en a entendu parler, et nulle intelligence n'en a eu l'idée ; à l'encontre de cela, les faveurs de ce monde nous sont bien visibles et

palpables ; nous en entendons parler, et l'intelligence les perçoit. Vu que Dieu et Son Messager ont décrit les faveurs du paradis comme étant inconnues, l'on s'éloignera forcément du Saint Coran, exemple : si l'on se dit qu'au paradis il nous sera donné le même lait que celui produit par les vaches, comme si des troupeaux innombrables y étaient élevés.

Q3) وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا

Dans ce verset Coranique, à quelles sortes de fruits la similitude est-elle faite référence ?

Annonce la bonne nouvelle à ceux qui croient et qui font des bonnes œuvres, qu'ils hériteront des Jardins sous lesquels coulent des rivières. À chaque fois qu'on leur donnera des fruits de ces jardins, des fruits qu'ils auront déjà goûtés dans la vie d'ici-bas, ils s'exclameront ainsi : « Ces fruits-là nous ont déjà été offerts auparavant », car ils constateront que ces fruits ressemblent à ceux qu'ils ont déjà goûtés.

Q4) Que signifie un homme de Dieu ?
L'on doit se rappeler que l'homme de Dieu n'est pas de ce monde ; c'est la raison pour laquelle le monde le rejette. Il est du ciel ; il reçoit donc des faveurs célestes. À l'homme mondain, on offre des faveurs temporelles, et à l'homme divin on accorde des faveurs célestes.

Q5) Combien et quels types de savoir Allah Tout-Puissant a-t-Il décrits ?
Dieu le Tout-Puissant nous a indiqué trois types de savoir, notamment, le savoir avec certitude au niveau de la raison ou l'intelligence ; deuxièmement, le savoir avec certitude au niveau de la vue, et troisièmement, le savoir avec certitude au niveau de la réalisation par expérience.

Q6) Que signifie le mot "Barzakh" dans la langue arabe ?
Dans l'idiome arabe, Barzakh représente quelque chose qui est situé entre deux éléments. Vu que cet état se situe entre la première création et la résurrection, il a été appelé Barzakh. Cette expression a de tout temps été utilisée pour signifier l'état intermédiaire.

Q7) Combien de mondes sont prouvés selon la connaissance Coranique ?
Le premier est le monde, appelé la première création

Le deuxième état est l'étape intermédiaire, appelé Barzakh
Troisièmement, après le Barzakh, il y a l'état de la résurrection

Q8) À quoi Allah Tout-Puissant fait-il référence avec la chaîne de soixante-dix coudées ?
La chaîne longue de soixante-dix coudées indique qu'il arrive souvent que le méchant atteigne l'âge de soixante-dix ans, et parfois, laissant de côté son enfance et le troisième âge, il a soixante-dix ans pour vivre avec sagesse et intelligence. Mais l'infortuné passe ses soixante-dix ans enchaîné par ses préoccupations mondaines, et il ne ressent nullement le besoin de s'en défaire. Ainsi, Dieu affirme dans ce verset que les soixante-dix ans qu'un homme passe à la poursuite du monde prendront la forme d'une chaîne longue de soixante-dix coudées dans l'Au-delà, une coudée étant égale à une année.

Q9) Que signifient réellement les termes "Maghfirat" (pardon) ?
Le sens réel du mot maghfirah est de supprimer ou de recouvrir un état défectueux ou imparfait. Ainsi, les habitants du paradis cherchent à acquérir la perfection et leur absorption complète dans la lumière. Prenant conscience de l'existence d'une condition meilleure que celle où ils se trouvent, ils vont considérer leur propre état comme étant défectueux, et ainsi, ils chercheront à le supprimer. À chaque fois qu'ils observeront un état meilleur que celui dans lequel ils se trouvent, ils désireront que leur présente condition soit recouverte, et, ainsi, sans cesse ils chercheront à acquérir un maghfirah sans fin.

Q10) Selon la croyance Islamique, qu'est-ce que le paradis et l'enfer ?
Selon les enseignements de l'Islam, le paradis et l'enfer ne sont que les reflets des actions faites dans cette vie d'ici-bas.

## PARTIE 2 دوسری سہ ماہی

**Partie Saint Coran :**

Pour la mémorisation du Saint Coran,les sourates (30ème partie) suivantes sont à apprendre et à réviser pendant ces 6 mois : Al Zilzal, Al Adiyat, Al Qariah, At Takasur, Al Asr, Al Houmaza, Al Fil, Quraish, Al Ma'un, Al Kausar, Al Kafiroun, An Nasr, Al Lahab, Al Ikhlaas, Al Falaq, An Naas (pour les groupes1 et 2)
Pour les sœurs du groupe 1 (niveau avancé) la sourate pour la traduction mot à mot est la Sourate Al Anfal (partie 9 et 10 du Saint Coran ,chapitre 8,versets 39 à 76)

حصّہ قرآن پاک

- اس سہ ماہی میں پارہ نمبر 30 کا نصفِ آخر منتخب کیا گیا ہے۔اس حوالے سے حفظ کے لئے متعین کردہ سورتوں کے نام درج ذیل ہیں۔

سورۃ الزلزال، سورۃ العدیت، سورۃ القارعہ، سورۃ التکاثر، سورۃ العصر، سورۃ الھمزہ، سورۃ الفیل، سورۃ قریش، سورۃ الماعون، سورۃ الکوثر، سورۃ الکافرون، سورۃ النصر، سورۃ اللھب، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس۔

- اس سال گروپ اوّل کے ترجمۃ القرآن کے لئے سورۃ الانفال منتخب کی گئی ہے۔ یہ پارہ نمبر ۹ اور ۱۰ میں ہے، اس کی آیت نمبر ۳۹ سے آیت نمبر ۷۶ یعنی آخر تک۔

# اَحْکَامُ الْقُرْآنِ الْکَرِیْمِ

Ahkamul Qur’an (Les commandements dans le Saint Coran)

| Ref.<br>ریفرنس | Traduction Français | اردو ترجمہ | حکم القرآن | No |
|---|---|---|---|---|
| المائدہ<br>5 :3 | Mais ne vous aidez pas mutuellement dans le pêché et la transgression | اور گناہ اور زیادتی (کے کاموں) میں تعاون نہ کرو۔ | وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ | 26 |
| المائدہ<br>5 :9 | Soyez toujours équitables, car l’équité est plus près de la piété | انصاف کرو یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔ | اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى | 27 |
| الحجر<br>15 :99 | Sois de ce qui se prosterne | سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جا۔ | كُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ | 28 |
| الاعراف<br>7 :32 | Prenez soin de votre parure en chaque lieu d’adoration | ہر مسجد میں اپنی زینت (لباس تقویٰ) ساتھ لے جایا کرو۔ | خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ | 29 |
| الاعراف<br>7 :32 | Mangez et buvez sans dépasser les limites | کھاؤ اور پیو لیکن حد سے تجاوز نہ کرو۔ | كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا | 30 |
| الاعراف<br>7 :56 | Invoquez votre Seigneur avec humilité et en secret | اپنے ربّ کو عاجزی کے ساتھ اور مخفی طور پر پکارتے رہو۔ | اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً | 31 |
| الاعراف<br>7 :57 | Et invoquez-Le avec craint et espoir | اور اسے خوف اور طمع کے ساتھ پکارتے رہو ۔ | وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا | 32 |
| الاعراف<br>7 :200 | Adopte la clémence, et enjoins ce qui est convenable | عفو اختیار کر اور معروف کا حکم دے۔ | خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ | 33 |
| الاعراف<br>7 :200 | Détourne-toi des ignorants | جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کر۔ | اَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ | 34 |
| النحل<br>16 :99 | Demande la protection d’Allah contre Satan le rejeté | پس تو اللہ کی پناہ مانگ شیطان مردود سے | فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ | 35 |
| الاعراف<br>7 :206 | Et ne sois pas parmi les négligents | اور غافلوں میں سے نہ ہو۔ | وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ | 36 |
| التوبہ<br>9 :119 | Soyez avec les véridiques | صادقوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ | كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ | 37 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نوح<br>71 :11 | Recherchez le pardon de votre Seigneur | اپنے ربّ سے بخشش طلب کرو۔ | اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ | 38 |
| النحل<br>16 :115 | Et soyez reconnaissants pour les bienfaits d'Allah | اور اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرو۔ | وَاشْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ | 39 |
| المائده<br>5 :90 | Et surtout respectez vos serments | اور اپنی قَسموں کی حفاظت کیا کرو۔ | وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ | 40 |
| بنی اسرائیل<br>17 :27 | Et ne gaspille pas de façon extravagante | اور فضول خرچی نہ کر۔ | وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا | 41 |
| بنی اسرائیل<br>17 :38<br>لقمان19: 31 | Et ne marche pas hautainement sur terre | اور زمین میں اکڑ کر نہ چل۔ | وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا | 42 |
| بنی اسرائیل<br>17 :36 | Et faites pleine mesure quand vous mesurez | اور جب تم ماپ کرو تو پورا ماپ کرو۔ | وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ | 43 |
| ق<br>50 :40 | Et glorifie ton Seigneur par Ses louanges | اور اپنے ربّ کی<br>حمد کے ساتھ (اس کی) تسبیح کر۔ | وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ | 44 |
| الاحزاب<br>33 :48 | Et annonce aux croyants | اور مومنوں کو بشارت دو۔ | وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ | 45 |
| النسآء<br>4 :3 | Et donnez leurs biens aux orphelins | اور یتامٰی کو ان کے اموال دو۔ | وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ | 46 |
| النّور<br>24 :62 | Mais lorsque vous entrez dans les maisons, saluez vos gens avec salutation de la paix | پس جب تم گھروں میں داخل ہوا کرو تو اپنے<br>لوگوں پر سلامتی کا تحفہ بھیجا کرو۔ | فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى<br>اَنْفُسِكُمْ | 47 |
| القصص<br>28 :78 | Et ne cherche pas à créer le désordre sur terre | زمین میں فساد (پھیلانا) پسند نہ کرو۔ | لَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ | 48 |
| المومنون<br>23 :97 | Repousse le mal avec ce qu'ils y a de meilleur | اُس (طریق) سے جو بہترین ہے بدی کو ہٹا<br>دے۔ | اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ | 49 |
| الرّوم<br>30 :31 | Alors dévoue toute ton attention à la religion | پس (اللہ کی طرف) ہمیشہ مائل رہتے ہوئے<br>اپنی توجہ دین پر مرکوز رکھ۔ | فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا | 50 |

## Une lecon de base de grammaire arabe عربی گرائمر کا ایک

بنیادی سبق

## Le verbe آ

**لفِعلُ**

Ce mot comprend en lui-même des indices de temps et d'action.

اسکے معانی میں کام اور زمانہ دونوں کا مفہوم ہوتا ہے۔

Types de verbes selon sujetفعل کی اقسام بلحاظ

فاعل

### 1 : La voie active ( Fail Ma'roof) فعل معروف(1)

Dans ce type de verbe, le sujet est connu.

یہ فعل کی وہ قسم ہے جس میں فاعل یعنی کام کرنے والا معلوم ہو جیسے

| | |
|---|---|
| J'ai fais | فَعَلْتُ میں نے کیا |

## 2. La Voie Passive (Fail Majhool) فعل(۲)

**مجہول**

Dans ce type de verbe, le sujet est inconnu:

یہ فعل کی وہ قسم ہے جس میں فاعل کے متعلق علم نہیں ہوتا جیسے:

| | | |
|---|---|---|
| Il m'a été fait | مجھ پر کیا گیا | فُعِلْتُ |

## Types de verbes en fonction du temps زمانہ کے لحاظ سے فعل کی قسمیں

1 : Le passé ( Fail Maadee) فعل ماضی

2 : Présent ou futur (Fail Mudaaré). فعل مضارع

3 : Imperative (Fail Amar) فعل امر

4 :Imperative negative(Fail nahi) فعل نہی

## 1 : Le passé (۱)فعل ماضی

Dans ce temps, l'action se déroule au passé. Ci-dessous, un tableau de conjugaison avec le verbe 'faire' (فَعَلَ) vous est présenté. Cette table de conjugaison, pourrait aussi être utilisée pour un autre verbe semblable, ayant trois lettres.

اس میں گزرے ہوئے زمانہ کا ذکر ہوتا ہے۔ فعل ماضی معروف کی گردان دی گئی ہے۔ یہ گردان کسی بھی سہ حرفی فعل کیلئے ہو سکتی ہے۔

## Table de conjugaison des verbes au passé. فَعَلَ کی گردان

| | Pluriel جَمع جمع | Duel مُثَنّٰی تثنیہ | Singulier مُفرَدٌ واحد |
|---|---|---|---|
| 3éme personne au Masculin مذکر غائب | فَعَلُوْا<br>ان سب نے کیا<br>Ils firent tous | فَعَلَا<br>ان دونوں نے کیا<br>Ils firent | فَعَلَ<br>اس نے کیا<br>Il fit |
| 3éme personne au féminin مؤنث غائب | فَعَلْنَ<br>ان سب نے کیا<br>Elles firent tous | فَعَلَتَا<br>ان دونوں نے کیا<br>Elles firent | فَعَلَتْ<br>اس نے کیا<br>Elle fit |
| 2émé personne au masculin مذکر حاضر | فَعَلْتُمْ<br>تم سب نے کیا<br>Vous fîtes tous | فَعَلْتُمَا<br>تم دونوں نے کیا<br>Vous fîtes | فَعَلْتَ<br>تو نے کیا<br>Tu fis |
| 2émé personne au féminin مؤنث حاضر | فَعَلْتُنَّ<br>تم سب نے کیا<br>Vous fîtes tous | فَعَلْتُمَا<br>تم دونوں نے کیا<br>Vous fîtes | فَعَلْتِ<br>تو نے کیا<br>Tu fis |
| 1ére personne au M. ou F. مخاطب | فَعَلْنَا<br>ہم سب نے کیا<br>Nous fîmes tous | فَعَلْنَا<br>ہم دونوں نے کیا<br>Nous fîmes | فَعَلْتُ<br>میں نے کیا<br>Je fis |

**Table de conjugaison du verbe « être » au passé simple كَانَ کی گردان**

| Pluriel جَمْع جمع | Duel مُثَنّیٰ تثنیہ | Singulier مُفْرَدْ واحد |
|---|---|---|
| Ils étaient<br>كَانُوْا<br>--وہ سب تھے | Ils étaient<br>كَانَا<br>--وہ دونوں تھے | Il était<br>كَانَ<br>--وہ تھا |
| Elles étaient<br>كُنَّ<br>--وہ سب تھیں | Elles étaient<br>كَانَتَا<br>--وہ دونوں تھیں | Elle était<br>كَانَتْ<br>--وہ تھی |
| Vous étiez vous<br>كُنْتُمْ<br>-تم سب تھے | Vous étiez<br>كُنْتُمَا<br>--تم دونوں تھے | Tu étais<br>كُنْتَ<br>---تُو تھا |
| Vous étiez<br>كُنْتُنَّ<br>---تم سب تھیں | Vous étiez<br>كُنْتُمَا<br>---تم دونوں تھیں | Tu étais<br>كُنْتِ<br>---تُو تھی |
| Nous étions<br>كُنَّا<br>---ہم سب تھے | Nous étions<br>كُنَّا<br>---ہم تھے | J'étais<br>كُنْتُ<br>---میں تھا |

## Partie hadith : حصّہ احادیث

**حدیث نمبر۱:** یہ حدیث مبارکہ سنن ابی داؤد سے ماخوذ ہے اور ہر شخص کے اپنی قوم سے مخلص ہونے کے بارے میں ہے۔

**مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ**

**ترجمہ:** جو شخص (اپنی ملت اور قوم کا طریق چھوڑ کر) کسی دوسری قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے وہ اسی قوم میں سے سمجھا جائے گا۔

**تشریح:** جو شخص اپنی قوم کے لوگوں سے مخلص نہ ہو۔ وہ دوسری قوموں سے جلد متاثر ہوتا ہے اور ان جیسارویّہ اور طور طریقے اپناتا ہے۔ مگر ایسے احساس کمتری رکھنے والے شخص کی اہمیت نہ اپنی قوم میں ہوتی ہے۔ اور نہ دوسری قوم کے لوگ اسے عزت دیتے ہیں۔ اور وہ کہیں کا نہیں رہتا۔ کوّا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا۔

**Hadith n°1 :**Ce hadith est tiré de Sunan Abi Dawood et concerne la loyauté de chaque personne envers sa propre communauté.

**Traduction :**Une personne qui abandonne les coutumes et les traditions de sa propre communauté et adopte celles d'une autre sera considérée comme faisant partie de cette autre communauté.

**Explication :** Une personne qui n'est pas loyale envers son propre peuple est rapidement influencée par d'autres communautés, adoptant leurs comportements et modes de vie. Cependant, une telle personne qui souffre d'un complexe d'infériorité n'a aucune importance ni dans sa propre communauté, ni parmi les autres, et n'est respectée nulle part. Comme le corbeau qui essayait d'imiter la démarche du cygne, il oublie même la sienne ."

**حدیث نمبر۲:** یہ حدیث مبارکہ صحیح بخاری سے ماخوذ ہے اور مومن کی عقل اور سمجھ بوجھ کے بارے میں ہے۔

**لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ**

**ترجمہ:** مومن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں کاٹا جاتا۔

**تشریح:** مومن کو اللہ تعالیٰ نے خاص عقل و سمجھ عطا کی ہے کہ وہ جس سے ایک بار دھوکہ کھاتا ہے یا نقصان اٹھاتا ہے تو پھر ہمیشہ کے لئے سبق حاصل کرلیتا ہے اور دوبارہ کبھی ایسی غلطی نہیں کرتا۔

**Hadith n°2 :**

Ce hadith est tiré de Sahih al-Bukhari et concerne l'intelligence et la compréhension d'un croyant.

**Traduction** :Un croyant ne tombe pas deux fois dans le même piège.

**Explication :** Allah a doté le croyant d'une intelligence particulière, de sorte que s'il est trompé ou subit une perte une fois, il en tire une leçon pour toujours et ne commet jamais la même erreur à nouveau.

**حدیث نمبر۳:** یہ حدیث مبارکہ خیر خواہی کے بارے میں ہے۔

# اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَۃُ

**ترجمہ:** دین کا خاصہ خیر خواہی ہے۔

**تشریح:** اللہ تعالیٰ نے دوسروں کے لئے نیکی اور ہمدردی کا جذبہ رکھنے کو دین کا نام دیا ہے۔ اور لوگوں کے بارے میں اچھا سوچنے اور ہر مشکل میں سب کے کام آنے کو پسند فرمایا ہے۔

**Hadith n°3 :**Ce hadith concerne la bienveillance.
**Traduction :** La religion consiste essentiellement à être bienveillant envers les autres.
**Explication :** Allah a défini la religion comme l'acte de bienveillance et de compassion envers les autres. Il aime que l'on pense du bien des gens et que l'on soit prêt à aider les autres dans toutes les difficultés.

**حدیث نمبر۴:** یہ حدیث مبارکہ ترمذی سے ماخوذ ہے۔ اور شکر گزاری کی عادت ڈالنے کے بارے میں ہے۔

# لَا یَشْکُرُ اللّٰہَ مَنْ لَّا یَشْکُرُ النَّاسَ

ترجمہ: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔

تشریح۔ آج کل کے معاشرے میں شکر گزاری کا جذبہ ایک جنس نایاب ہے۔ چھوٹی چیزوں اور باتوں کو شکریہ ادا کئے بغیر ایسے نظر انداز کر دیا جاتا ہے گویا یہ توان کا حق تھا۔ اور جب چھوٹی چیز کے ملنے پر شکر نہ کیا جائے تو پھر بڑی نعمتوں کے شکر کا احساس پیدا کرنا بھی مشکل ہے۔ جو لوگوں کا شکر گزار نہیں ہوتا۔ اس سے اللہ تعالیٰ اپنی شکر گزاری کا حق بھی چھین لیتا ہے۔

**Hadith n° 4 :**
Ce hadith est tiré de Tirmidhi et concerne l'importance de cultiver l'habitude de la gratitude.
**Traduction :** Celui qui ne remercie pas les gens ne remercie pas Allah.
**Explication :** Dans la société actuelle, le sentiment de gratitude est devenu une denrée rare. De petites choses et des actions sont ignorées sans remerciements,

comme si c'était un droit acquis. Et si l'on ne remercie pas pour les petites choses, il devient difficile de développer un sentiment de gratitude pour les grandes bénédictions. Ceux qui n'ont pas cette habitude en viennent même à négliger leur devoir de gratitude envers Allah.

**حدیث نمبر۵:** یہ حدیث مبارکہ صحیح مسلم سے ماخوذ ہے۔اور تکبر کے بارے میں ہے۔

## اَلْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ

**ترجمہ:** تکبر یہ ہے کہ انسان حق کا انکار کرے۔لوگوں کو ذلیل سمجھے اور برائی سے پیش آئے۔

**تشریح:** جو شخص لوگوں کو کمتر اور خود کو برتر سمجھے اور انکے ساتھ اچھا سلوک نہ کرے۔اور سچ نہ بولے۔ایسے شخص کو مغرور اور متکبر کہتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا۔

**Hadith n°5 :**

Ce hadith est tiré de Sahih Muslim et concerne l'orgueil.

**Traduction :** L'orgueil consiste à rejeter la vérité, à mépriser les autres et à les traiter avec arrogance.

**Explication :** Une personne qui se croit supérieure aux autres, les méprise et ne leur accorde pas de bons traitements, et qui refuse de dire la vérité, est considérée comme orgueilleuse et arrogante. Allah n'aime pas une telle personne.

**Partie prières :** **حصّہ دعائیں**

**دعا نمبر ۱:** <u>چاند دیکھنے کی دعا</u>

**اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَالْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ**

**ترجمہ:** اے اللہ! اس چاند کو ہم پر امن اور ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ طلوع فرما، اے چاند میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

**<u>Prière à réciter en voyant la nouvelle lune</u>**

O Allah! Que cette lune se lève sur nous avec bénédictions et foi, paix et Islam, ô lune ! Allah est mon Seigneur et le tien.

**دعا نمبر ۲:** <u>گھر سے باہر نکلنے کی دعا</u>

**بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَزِلَّ أَوْ أُزَلَّ أَوْ أَضِلَّ أَوْ أُضَلَّ أَوْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ أَوْ أَجْهَلَ أَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ**

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ (باہر جاتا ہوں) اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہوں۔ اور نہیں کوئی طاقت (نیکی کرنے کی) اور نہیں کوئی طاقت (گناہ سے بچنے) کی سوائے اللہ تعالیٰ کی مدد کے ساتھ۔ اے اللہ میں تیری اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں کسی کو پھسلاؤں یا پھسلایا جاؤں، کسی کو گمراہ کروں یا کہ خود گمراہ کیا جاؤں، ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں، کسی سے جہالت کروں یہ مجھ سے جہالت کی جائے۔

**<u>Prière en sortant de chez soi :</u>**

Au nom d'Allah,je place ma confiance en Allah,il n'y a de force et de pouvoir qu'en Allah.O Allah ! Je cherche refuge auprès de Toi.O Seigneur, Je cherche protection auprès de Toi pour que je ne commette aucune faute ou qu'on m'incite à la faire,pour que je n'égare personne ou que je ne sois égaré,pour que je n'oppresse personne ou que je ne subisse une oppression,pour que je ne sois injuste ou que je ne subisse une unjustice.

# اقتباسات از ملفوظات، جلد اوّل

## قول و فعل میں مطابقت

اللہ کا خوف اس میں ہے کہ انسان دیکھے کہ اس کا قول و فعل کہاں تک ایک دوسرے سے مطابقت رکھتا ہے۔ پھر جب دیکھے کہ اس کا قول و فعل برابر نہیں تو سمجھ لے کہ وہ موردِ غضبِ الٰہی ہو گا۔ جو دل ناپاک ہے خواہ قول کتنا ہی پاک ہو۔ وہ دل خدا کی نگاہ میں قیمت نہیں پاتا بلکہ خدا کا غضب مشتعل ہو گا۔ پس میری جماعت سمجھ لے کہ وہ میرے پاس آئے ہیں اسی لئے کہ تخم ریزی کی جاوے جس سے وہ پھلدار درخت ہو جاوے۔ پس ہر ایک اپنے اندر غور کرے کہ اس کا اندرونہ کیسا ہے اور اس کی باطنی حالت کیسی ہے؟ اگر ہماری جماعت بھی خدانخواستہ ایسی ہے کہ اس کی زبان پر کچھ ہے اور دل میں کچھ ہے تو پھر خاتمہ بالخیر نہ ہو گا۔ اللہ تعالیٰ جب دیکھتا ہے کہ ایک جماعت جو دل سے خالی ہے۔ محض زبانی دعوے کرتی ہے۔ وہ غنی ہے۔ وہ پرواہ نہیں کرتا۔

(از ملفوظات حضرت مسیح موعودؑ جلد اوّل۔ صفحہ 10)

# Conformité entre les paroles et les actions

La crainte de Dieu réside dans le fait que les paroles de l’homme doivent refléter ses actions. Lorsqu'il constate que ses paroles et ses actions ne sont pas égales, il doit comprendre qu'il est sujet à la colère divine. Un cœur impur, quelle que soit la pureté de ses paroles, n'a aucune valeur aux yeux de Dieu, et la colère de Dieu s'enflamme contre lui. Par conséquent, ma communauté doit comprendre qu'elle est venue à moi pour être semée comme une graine qui deviendra un arbre fruitier. Que chacun examine donc son intérieur et l'état de son cœur. Si notre communauté, Dieu nous en préserve, est telle que sa langue dit une chose et son cœur en pense une autre, alors la fin ne sera pas heureuse. Lorsque Dieu voit qu'une communauté n'a pas de cœur et ne fait que des déclarations verbales, Il s'en détourne car Il est autosuffisant et n'en a pas besoin.
(Extrait des Malfuzat de Messie Promis (as), volume 1, page 10)

## سوالات از کتاب اسلامی اصول کی فلاسفی۔

سوال 1۔ جو شخص استغفار نہ کرے اسکی مثال کیسی ہے؟

جواب۔ جو شخص ہمیشہ کے لئے استغفار اپنی عادت نہیں پکڑتا وہ کیڑا ہے نہ کہ انسان اور اندھا ہے نہ کہ بینا اور ناپاک ہے نہ کہ طیب۔

سوال 2۔ دنیامیں زندگی کا اصل مدعا کیاہے؟

جواب: اصل مدعا انسان کی زندگی کا خدا کی پرستش اور خدا کی معرفت اور خدا کے لئے ہو جانا ہے۔

سوال 3۔ دنیامیں زندگی کا اصل مدعا حاصل کرنے کے لئے حضرت مسیح موعودؑ نے کل کتنے وسیلے بیان کئے ہیں؟

جواب: آپؑ نے کُل آٹھ وسیلے بیان کئے ہیں۔

سوال 4۔ زندگی کا مدعا پانے کا سب سے پہلا اور سب سے بڑا وسیلہ کیاہے؟

جواب: اس مدعا کے پانے کے لئے سب سے بڑا وسیلہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو صحیح طور پر پہچانا جائے اور سچے خدا پر ایمان لایا جائے۔

سوال 5۔ حضرت مسیح موعودؑ کے مطابق زندگی کا اصل مقصد حاصل کرنے کے لئے چوتھا اور پانچواں وسیلہ کیاہے؟

جواب: حضرت مسیح موعودؑ کے مطابق زندگی کا اصل مقصد حاصل کرنے کے لئے چوتھا اور پانچواں وسیلہ بالترتیب دعا اور مجاہدہ ہے۔

سوال 6۔ اللہ تعالی نے قرآن پاک میں مجاہدہ کرنے کے کیا طریقے بیان کئے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اپنے مالوں اور اپنی جانوں اور اپنے نفسوں کو مع ان کی تمام طاقتوں کے خدا کی راہ میں خرچ کرو اور جو کچھ ہم نے عقل اور علم اور فہم اور ہنر وغیرہ تم کو دیاہے وہ سب کچھ خدا کی راہ میں لگاؤ۔ جو لوگ ہماری راہ میں ہر ایک طور سے کوشش بجالاتے ہیں ہم ان کو اپنی راہیں دکھادیا کرتے ہیں

سوال 7۔ حضرت مسیح موعودؑ نے استقامت کے کیا معنی بیان فرمائے؟

جواب: جو لوگ طرح طرح کی آزمائشوں اور بلا کے وقت ثابت قدم رہے۔ امتحانوں سے نہیں گھبرائے۔ ان پر فرشتے اترتے ہیں کہ تم مت ڈرو اور مت غمگین ہو اور خوش ہو اور خوشی میں بھر جاؤ کہ تم اس خوشی کے وارث ہو گئے۔

سوال8۔ راستبازوں کی صحبت سے کیا مراد ہے؟

جواب: راستبازوں کی صحبت سے مراد یہ ہے کہ سچے اور نیک لوگوں کے ساتھ بیٹھا جائے۔ ان کے کامل نمونوں کو دیکھا جائے۔ انسان فطرتاً کامل نمونہ کا محتاج ہے اور کامل نمونہ شوق کو زیادہ کرتا ہے اور ہمت کو بڑھاتا ہے اور جو نمونہ کا پیرو نہیں وہ سست ہو جاتا ہے اور بہک جاتا ہے۔ اس لئے نیک صحبت اختیار کرنے کا حکم ہے۔

سوال9۔ حضرت مسیح موعودؑ نے زندگی کا اصل مدعا پانے کے لئے آخری اور آٹھواں وسیلہ کسے متعین کیا ہے؟

جواب: آپؑ نے زندگی کا اصل مدعا پانے کے لئے آخری اور آٹھواں وسیلہ پاک خواب، پاک کشف اور پاک الہام کو قرار دیا ہے۔

سوال10۔ جو لوگ اللہ کے سوا اوروں سے دعا مانگتے ہیں۔ انکی مثال کیسی ہے؟

جواب: جو لوگ اللہ کے سوا اوروں کو پکارتے ہیں وہ کچھ بھی ان کو جواب نہیں دے سکتے۔ ان کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کوئی پانی کی طرف ہاتھ پھیلا دے کہ اے پانی میرے منہ میں آجا تو کیا وہ اس کے منہ میں آجائے گا۔ ہر گز نہیں۔ سو جو لوگ سچے خدا سے بے خبر ہیں ان کی تمام دعائیں باطل ہیں۔

سوال11۔ حضرت مسیح موعودؑ نے انسانی زندگی کے کامیاب حصول کے جتنے وسیلے بیان فرمائے ہیں۔ ان سب کے نام تحریر کریں؟

1۔ اللہ تعالیٰ کو صحیح طور پر پہچاننا۔ 2۔ اللہ تعالیٰ کی صفات جمال و کمال کو جاننا۔ 3۔ اللہ تعالیٰ کے حسن و احسان کا اعتراف۔

4۔ دعا کی طرف رغبت 5۔ مجاہدہ 6۔ استقامت 7۔ راستبازوں کی صحبت 8۔ کشف، الہام اور خوابوں کا ادراک

**Questions /réponses du livre « La philosophie des enseignements de l'Islam »**

1) Quelle est l'exemple de celui qui ne demande pas pardon ?

Celui qui ne fait pas de l'istighfar une habitude, est un ver de terre et non un être humain ; il est aveugle et ne voit absolument rien ; il est malsain et impur.

2) Quel est le véritable but de la vie dans ce monde ?

Le but réel de l'existence de l'homme est d'adorer Dieu, de reconnaître Dieu, et de se consacrer entièrement à Le servir.

3) Pour atteindre le véritable but de la vie dans ce monde, combien de moyens le Messie Promis (as), a-t-il énoncés ?

Le Messie Promis (as )a énoncé au total huit moyens.

4) Quel est le premier et le plus grand moyen d'atteindre le but de la vie ?

Le premier moyen est d'identifier correctement Dieu le Tout-Puissant, et de croire en Lui.

5) Selon le Messie Promis (as), quels sont le quatrième et le cinquième moyens pour atteindre le véritable but de la vie ?

Selon le Messie Promis(as), le quatrième et le cinquième moyens pour atteindre le véritable but de la vie sont la prière constante et l'effort spirituel.

6) Quels sont les moyens de lutte spirituelle que Dieu le Tout-Puissant a décrit dans le Saint Coran ?

Allah dit « Œuvrez dans Sa voie avec vos biens, vos vies et toutes vos facultés ; et de l'intelligence, du savoir, de l'entendement et des aptitudes que Nous vous avons accordés, faites-en usage au service de Notre Cause. Assurément, Nous guidons dans Nos voies ceux qui font tout leur possible pour Nous rencontrer. »

7) Quels sont les sens de «  la persévérance » que le Messie Promis (as) a expliqué?

Celui qui affrontent courageusement les épreuves et malheurs, les anges descendent pour les rassurer : Ne craignez rien et n'ayez pas de la peine, mais soyez plutôt heureux ; et réjouissez-vous, car vous avez hérité du bonheur promis.

8) Que signifie 'la compagnie des vertueux' ?

La compagnie des justes et de suivre leur bon exemple. L'une des raisons pour lesquelles les prophètes sont suscités, est que l'homme a un besoin naturel de suivre un modèle parfait ; de plus, un tel modèle sert à susciter de l'enthousiasme et de la volonté chez le croyant.

9) Quel est le dernier et huitième moyen que le Messie Promis (as), a déterminé pour atteindre le véritable but de la vie ?
Le huitième moyen rassemble les visions, rêves et révélations divines.

10) Quelle est l'exemple de ceux qui demandent de l'aide à d'autres qu'à Allah ?

Ceux qui invoquent d'autres que Dieu ne peuvent rien obtenir en réponse. Leur exemple est celui d'une personne qui tend la main vers l'eau en disant : 'Viens dans ma bouche, ô eau !' Mais l'eau ne viendra pas dans sa bouche. De même, toutes les prières de ceux qui sont ignorants du vrai Dieu sont vaines.

11) Quels sont les moyens énoncés par le Messie Promis (as), pour réussir dans la vie humaine ?

- identifier correctement Dieu le Tout-Puissant
- être bien informé sur la beauté parfaite de Dieu,
- reconnaître Ses bontés
- la prière
- réaliser le but de l'existence établi par Dieu : œuvrer dans Sa voie
- la fermeté dans la foi
- être en compagnie des justes
- rassemble les visions, rêves et révélations divines

# دینی معلومات

سوال ۱۔ حضرت نوحؑ کی کشتی کس مقام پر اور کس ملک میں جا کر رکی؟

جواب۔ جودی پہاڑ پر ملک آرمینیا میں جو ترکی کے شمال میں ہے۔

سوال ۲۔ کنعان میں حضرت موسیٰؑ کی شادی کس سے ہوئی؟

جواب۔ اس لڑکی کا نام سیفورا تھا۔

سوال ۳۔ یہود کی طرف سے حضرت عیسیٰؑ پر لگائے جانے والے الزامات کیا تھے؟

جواب۔ ۱) عیسیٰ لوگوں کو مسحور کرتا ہے۔ ۲) وہ لوگوں کو رومی حکومت کے خلاف بغاوت پہ ابھارتا ہے۔ ۳) وہ قانون کا دشمن ہے۔ ۴) وہ خود کو خدا کا بیٹا کہتا ہے۔ ۵) اس نے جھوٹ بولا ہے کہ وہ اسرائیل کا بادشاہ ہے۔ ۶) وہ ایک ہجوم کے ساتھ یروشلم کی عبادت گاہ میں گیا۔

سوال ۴۔ حضرت عیسیٰؑ کے وقت میں یروشلم کے بڑے پادریوں کے نام کیا تھے؟

جواب۔ انس، قیفس

سوال ۵۔ بیت لحم کا شہر کہاں واقع ہے؟

جواب۔ حضرت عیسیٰ کی ولادت اس شہر میں ہوئی، یہ یروشلم کے جنوب میں تقریباً نو کلو میٹر کے فاصلے پر ہے۔

سوال ۶۔ حضرت عیسیٰؑ کو بپتسمہ کس نے دیا اور کب؟

جواب۔ حضرت عیسیٰؑ کو ۲۵ سال کی عمر میں حضرت یحییٰؑ نے بپتسمہ دیا جو کہ حضرت مریمؑ کے چچازاد بھائی تھے۔

سوال ۷۔ عبد مناف کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

جواب۔ یہ آنحضور ﷺ کے آباؤ اجداد تھے، ان کے چار بیٹے نوفل۔ مُطلب۔ ہاشم۔ عبد شمس

سوال ۸۔ حضرت مسیح موعودؑ کی پیدائش کے وقت اور وفات کے وقت فرانس میں کس کی حکومت تھی؟

جواب۔ نپولین بوناپارٹ اوّل ۱۸۳۵ میں فرانس کا حاکم تھا جب حضرت مسیح موعودؑ کی پیدائش ہوئی۔

تیسری ریپبلک کے دور میں صدر آرمانڈ فالیئر ۱۹۰۶۔۱۹۱۳ جب حضرت مسیح موعودؑ کی وفات ہوئی۔

سوال۹۔ مینارة المسیح قادیان کا پہلا نقشہ کس نے بنایا؟

جواب۔ حضرت مسیح موعودؑ کو کشفاً مینارة المسیح دکھایا گیا۔ ۱۹۰۳ میں مسجد اقصیٰ میں عصر کی نماز کے بعد۔ آپ نے اپنے ہاتھ سے یہ نقشہ بنا کر انجینئر کو دیا۔

سوال ۱۰۔ جماعت کے مشہور اخبار الفضل کا نام کس نے رکھا؟

جواب۔ حضرت خلیفة المسیح الاوّلؓ نے۔

## Connaissances religieuses générales

**Q1**- Où et dans quel pays s'arrêta l'arche de Noé (as)?

Réponse- Sur le mont Ararat (en Arménie au nord de la Turquie).

**Q2**- Comment s'appelait la femme de Moïse(as) qu'il épousa à Cannan?

R- Elle s'appelait Séphora.

**Q3**- Quelles étaient les charges contre Jésus(as) dressées par les prêtres juifs à Jérusalem?

R- 1)Que Jésus as était un séducteur .

2) Il appelait les gens à se rebeller contre les Romains.

3) Il était l'ennemi de la loi.

4) Il se disait "Fils de Dieu".

5) Il avait dit un mensonge qu'il était le roi d'Israël.

6) Il entra dans le Temple à Jérusalem suivi par une foule avec des branches de palmiers.

**Q4**- Comment s'appelait les grands prêtres du Temple de Jérusalem?

R- Ils étaient deux : 1) Annas 2) Caiaphas

**Q5**- Où se trouve Bethleem?

R- C'est l'endroit où naquit Jésus(as) à environ 9 km au sud de Jérusalem.

**Q6**- A quel âge fut baptisé Jésus(as)? Où et par qui?

R- Il fut baptisé à l'âge de 25 ans par le cousin de Hazrat Mariam, « Yahya (as) » , Jean-Baptiste, au bord de la rivière Jourdan en Cis-Jordannie.

**Q7**- Donner les noms des fils de Abd-Manaf les ancêtres du Saint Prophète Mohammed (saw)

R- 1) Naufal 2) Muttalib 3) Hashim 4) Abd-Shams

**Q8**- Qui régnait sur la France au moment (1) de la naissance du Messie promis (as) le 13/02/1835 et (2) au moment de son décès le 26/05/1908?

R- Napoléon Bonaparte I régnait au moment de la naissance du Messie Promis (as) et au moment de son décès, c'était la IIIème République, le Président était Armand Fallières (1906-1913).

**Q9**- Qui a dessiné le premier plan de Minarat-ul-Masih à Qadian?

R- Le Messie Promis (as) vit le Minaret dans une vision dans la mosquée Al Aqsa de Qadian en 1903 après la prière de Asr. Il dessina le plan avec sa main et le donna à l'ingénieur.

**Q10**- Qui donna le nom Al Fazl au Grand Journal de la communauté Ahmaddiya?

R- En juin 1913, Hazrat Moulvi Nouruddin (ra), le 1er calife du Messie Promis (as) donna le nom de "Al Fazl" au journal de la communauté Ahmadiyya.

**Wahi (Révélation) :**

La révélation est la parole divine cachée transmise par Dieu Tout-Puissant à Ses prophètes et les personnes proches de Lui. Les prophètes et les saints en font l'expérience alors qu'ils sont pleinement conscients.

وحی :
وہ الٰہی مخفی کلام جو اللہ تعالیٰ کے انبیاء اور اولیاء کی طرف پہنچایا جائے وحی کہلاتا ہے۔ اور وہ بقائمی ہوش وحواس اسکا تجربہ کرتے ہیں۔

**Ilham (Inspiration) :**

L'inspiration est une guidance de la part de Dieu Tout-Puissant, qui peut survenir en état d'éveil ou de sommeil, par laquelle Dieu place quelque chose dans le cœur d'une personne ou lui donne un savoir ou un signe.

الہام :
اللہ تعالیٰ کی جانب سے جو ہدایت بیداری یا نیند کی حالت میں طاری ہو اور جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ دل میں بات ڈالے یا اس کا علم اور اشارہ دے۔

**Kashf (Vision spirituelle) :**

Le kashf est un état dans lequel une personne, bien qu'éveillée et avec tous ses sens en action, entre dans une expérience semblable à un rêve où elle est immobile physiquement, et Dieu lui montre des signes et des manifestations de Son pouvoir.

کشف :
یہ جاگتی حالت میں خواب کی کیفیت طاری ہونا ہے جس میں انسان کے حواس خمسہ کام کر رہے ہوتے ہیں مگر وہ وجودی طور پر ساکن ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے اپنی قدرت کے اشارے اور نظارے دکھاتا ہے۔

**Ro'ya / Khawb (Rêve) :**

Le rêve est un état dans lequel une personne reçoit, pendant son sommeil, des indications de Dieu Tout-Puissant concernant le passé ou le futur. C'est une expérience sensorielle qui se manifeste dans le subconscient. Cela peut arriver à n'importe qui, que ce soit une personne ordinaire ou spéciale.

رؤیا /خواب :
نیند کی حالت میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے گزرے یا آنے والے وقت کے بارے میں اشارے ملنا۔ ایک حسی کیفیت جو لاشعور کے مقام پر وارد ہوتی ہے۔ یہ تجربہ ہر خاص و عام کو ہونا ممکن ہے

بَارَكَ اللّٰهُ فِیْ اِلْهَامِكَ وَ وَحْیِكَ وَ رُؤْیَاكَ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے تیرے الہام، تیری وحی اور تیری رؤیا میں برکت دی۔

(الہام ۱۷/ ستمبر ۱۹۰۶ء منقول از بدر ۲۰/ ستمبر ۱۹۰۶ء)

“Allah a béni ton inspiration, ta révélation et ton rêve.”
(révélation du Messie Promis (as) du 17 septembre 1906
(Magazine Badr du 20 septembre 1906)